# 36739 ـ قات کھانے کی حرمت

**سوال**

قات کھانے اور عصر کی نماز بروقت اور باجماعت ترك کر کے مغرب سے آدھ گھنٹہ قبل ادا کرنے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

قات کھانی حرام ہے؛ کیونکہ یہ اللہ تعالی کے ذکر اور نماز سے غافل کر کے روك دیتی ہے، اور نماز کے وقت میں تاخیر کرنا اور بروقت نماز ادا نہ کرنا جائز نہیں، اور نماز باجماعت ترك کرنا بھی جائز نہیں ہے.

یہ سب برائیاں اور منکرات قات کھانے کے باعث پیدا ہوتی ہیں، اس وجہ سے قات کھانے کی حرمت تو اور بھی بڑھ کر شدید حرام ہو جاتی ہے.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.